CancerCare Manitoba
CervixCheck

ایک پیپ ٹیسٹ کیا ہے؟

ایک پیپ ٹیسٹ بچے دانی کے منہ میں ہونے والی غیر معمولی تبدیلی ڈھونڈلیتا ہے۔ ابتدائی تبدیلی کے علاج سے بچے دانی کے منہ کے کینسر سے بچا جاسکتا ہے۔ پیپ ٹیسٹ مفت ہے۔



سرویکس (بچے دانی کا منہ) کیا ہے؟

سرویکس بچے دانی (رحم) کے نیچے کا راستہ ہے۔ بچے جب پیدا ہوتے ہیں تو اس راستے سے گزرتے ہیں۔

کن وجوہ سے غیر معمولی تبدیلی ہوتی ہے؟

ہیومین پے پیلوماوائرس یا "ایچ پی وی" ایک عام جنسی طور پر منتقل ہونے والا وائرس ہے جو ایک خاتون کی بچے دانی کے منہ میں غیر معمولی تبدیلی لاتا ہے۔ کبھی کبھی ایچ پی وی سے پیدا شدہ غیر معمولی تبدیلی کینسر میں بدل جاتی ہے۔ ایک پیپ ٹیسٹ یہ غیر معمولی تبدیلی اس سے پہلے کہ وہ کینسر میں بدل جائے، ڈھونڈلیتا ہے۔

کیا مجھے پیپ ٹیسٹ کی ضرورت ہے؟

تمام خواتین جو کبھی بھی جنسی طور پر متحرک رہی ہیں (مباشرت اور جسمانی قرابت) انہیں چاہیے کہ باقاعدہ پیپ ٹیسٹ کروائیں۔

میں کتنی مرتبہ پیپ ٹیسٹ کرواؤں؟

آپ کو چاہیے کہ پیپ ٹیسٹ 21 سال کی عمر سے کروانا شروع کریں اور 69 سال کی عمر تک ہر 3 سال میں ایک مرتبہ کرواتی رہیں۔

(HPV) "ایچ پی وی" ویکسین کیا ہے؟

ایچ پی وی ویکسین کچھ قسم کے ایچ پی وی سے بچاتی ہے جو بچے دانی کے منہ کے کینسر کی وجہ بنتے ہیں۔ ویکسین ایچ پی وی بیماری ہو جانے کے بعد علاج نہیں کرتی۔ باوجود اس کے کہ آپ نے ویکسین لی ہوئی ہے تب بھی آپ کو باقاعدہ پیپ ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔

میں پیپ ٹیسٹ کے لیے کہاں جاؤں؟

اپنے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں، اپنے مقامی ہیلتھ سینٹر سے رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ TellEveryWoman.ca

بچے دانی کے منہ کے کئی کینسروں سے بچا جا سکتا ہے اگر خواتین باقائدگی سے پیپ ٹیسٹ کرواتے ہوئے، غیر معمولی تبدیلیوں پر تسلسل کے ساتھ نظر رکھیں۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں:

CervixCheck, CancerCare Manitoba
#5-25 Sherbrook Street, Winnipeg, Manitoba R3C 2B1

ٹول فری: 1-855-952-4325 ٹیلی فون: 204-788-8626
GetCheckedManitoba.ca